## عوام عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کودیں۔الطاف حسین کی اپیل

## عوام کی معاونت سے خدمت خلق فاؤنڈیشن غریبوں، ناداروں، یتیموں، بیواؤں اور سیلاب زدگان کی مزید خدمت کر سکے گی

## خدمت خلق فاؤنڈیشن گزشتہ 32 برسوں سے غریب و مستحق افراد کی بلاامتیاز رنگ ونسل وزبان و مذہب خدمت کررہی ہے

## ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں عوام سے شائستگی سے پیش آئیں اور ایم کیوایم کے نام پر زور زبردستی کا عمل کرنے والے والے عناصر پر کڑی نظر رکھیں

لندن۔۔۔15 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی کھالیں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کودیں۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن واحد فلاحی ادارہ ہے جوگزشتہ 32 برسوں سے غریب و مستحق افراد کی بلاامتیاز رنگ ونسل وزبان و مذہب خدمت کررہا ہے، آزاد کشمیر اور خیبر پختونخواہ میں آنے والا قیامت خیز زلزلہ ہو، تھر اور بلوچستان میں قحط ہو یا ملک میں آنے والا حالیہ سیلاب، خدمت خلق فاؤنڈیشن نے قدرتی آفات وحادثات اور سانحات کے موقع پر متاثرین کی بھرپور خدمت کی ہے۔اسکے علاوہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی اور فلاحی سرگرمیوں کا دائرہ اب بیرون ملک بھی پھیل چکا ہے۔انڈونیشیا اور سری لنکا میں آنے والے سونامی اور ایران کے شہر بام میں آنے والے زلزلے کے موقع پر بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن متاثرین کی بھرپور امداد کرچکی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی سے فلاحی خدمت کا سفر شروع کرنے والی خدمت خلق فاؤنڈیشن آج کراچی کے علاوہ ملک کے کئی شہروں میں ایمبولینس سروس کا آغاز کرچکی ہے جبکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے کئی اسپتال اور میڈیکل سینٹر عوام کی خدمت میں دن رات مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی پشت پر کوئی جاگیردار، وڈیرہ یا سرمایہ دار نہیں بلکہ اس کی تمام تر فلاحی سرگرمیاں عوام کے عطیات کی بدولت ہی ممکن ہو پارہی ہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کودیں تاکہ وہ غریبوں، ناداروں، یتیموں، بیواؤں، مساکین اور حالیہ سیلاب سے متاثرہ افراد کی مزید خدمت کرسکے۔انہوں نے عوام سے یہ بھی اپیل کی کہ وہ قربانی کی کھالیں دیتے وقت رضا کاروں سے رسید ضرور حاصل کریں۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام کارکنوں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کو سختی سے تاکید کرتے ہوئے کہا کہ وہ قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں عوام سے شائستگی سے پیش آئیں اور ایم کیوایم کے نام پر زور زبردستی کا عمل کرنے والے عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن ہر سال کی طرح اس سال بھی عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کی کھالیں جمع کرے گی

## تمام شہروں میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز کو رسیدیں پہنچائی جاچکی ہیں اور تمام ضروری انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی

## عوام قربانی کی کھالیں دیتے وقت رسید ضرور حاصل کریں۔ضرورت پڑنے پر کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکز کے فون نمبرز 36313513 - 36313960 - 36313319 یا فیکس نمبر 36313515 پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے

کراچی۔۔۔15 نومبر 2010ء

خدمت خلق فاؤنڈیشن نے اعلان کیا ہے کہ وہ ہر سال کی طرح اس سال بھی عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کی کھالیں جمع کرے گی۔اس سلسلے میں کراچی سمیت ملک کے تمام شہروں میں مراکز قائم کئے جائیں گے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے کراچی مرکز کی جانب سے ملک کے تمام شہروں میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز کو رسیدیں پہنچائی جاچکی ہیں اور تمام ضروری انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن نے تمام رضا کاروں کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ قربانی کی کھالیں دے کر رسید لازمی دیں۔خدمت خلق فاؤنڈیشن نے عوام سے اپیل کی کہ وہ فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کو بھرپور انداز میں جاری رکھنے اور ان کا دائرہ مزید بڑھانے کیلئے قربانی کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کودیں اور قربانی کی کھالیں دیتے وقت رسید ضرور حاصل کریں۔خدمت خلق فاؤنڈیشن نے عوام سے اپیل کی کہ قربانی کی کھالیں دینے کے حوالے سے کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکز کے فون نمبرز 36313513 - 36313960 - 36313319 یا فیکس نمبر 36313515 پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## جب تک مسائل کا شکار عوام بار بار آزمائی ہوئی جماعتوں کے پیچھے بھاگتے رہیں گے اس وقت تک ان کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ڈاکٹر فاروق ستار

## غریب و متوسط طبقہ کے مسائل وہی سمجھ سکتا ہے جو خود بھی اسی طبقہ سے تعلق رکھتا ہو اور جس نے خود ان مسائل کا سامنا کیا ہو

## مسائل کا رونا روتے رہنے سے مسائل حل نہیں ہوں گے، مسائل کے حل کیلئے ضروری ہے کہ مسائل کا شکار عوام

## ظالمانہ نظام کے خلاف متحد ہو کر عملی جدوجہد کریں۔جب تک پاکستان کے عوام بااختیار نہیں ہونگے خود مختار پاکستان کا تصور ناممکن ہے

## بابر خان غوری اور دیگر کا نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹس کمیٹی کے تحت عشائیہ سے خطاب

کراچی۔۔۔15،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنوینراور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ جب تک مسائل کا شکار غریب و متوسط طبقہ کے عوام خود اپنی صفوں سے قیادتیں نہیں نکالیں گے اور بار بار آزمائی ہوئی جماعتوں کے پیچھے بھاگتے رہیں گے اس وقت تک ان کے مسائل حل نہیں ہوں گے اور وہ اسی طرح مہنگائی اور دیگر مسائل میں مبتلا رہیں گے۔ان خیالات اظہار انہوں نے اتوار کی شب کراچی میں نارتھ ناظم آباد ریزیڈنٹس کمیٹی کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب سے وفاقی وزیر برائے پورٹ اینڈ شپنگ بابر خان غوری، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی فرحت خان، محترمہ عمرانہ سعید، عبدالمعید صدیقی، ریزیڈنٹس کمیٹی کے انچارج کیپٹن معیز کے علاوہ دیگر نے بھی خطاب کیا۔تقریب میں نارتھ ناظم آباد کے رہائشی آغا خانی، بوہرا اور میمن برادری سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اپنے خطاب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ عالیشان بنگلوں اور بڑے بڑے محلوں میں رہنے والے جاگیردار، وڈیرے اور بڑے بڑے سرمایہ دار جھونپڑیوں اور کچے مکانوں میں رہنے والے غریبوں اور تنخواہ دار مڈل کلاس عوام کے مسائل نہیں سمجھ سکتے۔غریب و متوسط طبقہ کے مسائل وہی سمجھ سکتا ہے جو خود بھی اسی طبقہ سے تعلق رکھتا ہو اور جس نے خود ان مسائل کا سامنا کیا ہو۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا ملک کے تمام غریب و مظلوم عوام کو آج یہی پیغام ہے کہ مسائل کا رونا روتے رہنے سے مسائل حل نہیں ہوں گے، مسائل کے حل کیلئے ضروری ہے کہ مسائل کا شکار عوام ظالمانہ نظام کے خلاف متحد ہو کر عملی جدوجہد کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر غریب و متوسط طبقہ کے عوام بار بار دو فیصد مراعات یافتہ طبقہ کے جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کو منتخب کراتے رہیں گے اور بار بار آزمائی ہوئی جماعتوں کو ہی آزماتے رہیں گے تو ان کی قسمت نہیں بدلے گی، اپنی قسمت بدلنے کیلئے غریب و متوسط طبقہ کے عوام کو اپنی صفوں سے ہی قیادتیں نکالنی ہوں گی۔انہوں نے کہا کہ اگر کسی بیماری کی صرف علامتوں کا علاج ہوگا تو کبھی مرض کا خاتمہ نہیں ہوسکتا، جب تک پاکستان کے عوام بااختیار نہیں ہونگے خود مختار پاکستان کا تصور ناممکن ہے۔تقریب سے پورٹ اینڈ شپنگ کے وفاقی وزیر بابر خان غوری اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ عوامی نمائندہ جماعت ہے جو انکی رائے اور خواہشات اور امنگوں کو سامنے رکھ فیصلے کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے اس بات کو بھی اولین ترجیح دی ہے کہ عوامی مسائل پر عوام کو ہی فوقیت دی جائے اور ان کی خواہشات و امنگوں کو ترجیح دی جائے گی۔

## ایشین فورم فار ہیومن رائٹس اینڈ ڈوپلیمنٹ کے نمائندہ وفد کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔15،نومبر 2010ء

پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے ایشین فورم فار ہیومن رائٹس اینڈ ڈوپلمنٹ کے نمائندہ وفد نے چیئرمین سبودھ راج پیا کورل کی سربراہی میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل، کنور خالد یونس اور سیف یار خان سے ملاقات کی اور اقلیتوں کو درپیش مسائل کے پیش نظر مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ کیا۔وفد کے ارکان میں عدیل الرحمٰن خان، ثریا دیوجہ، نعمانہ سلیمان، پیٹر جیکب، اسد اقبال بٹ اور سید شمس الدین شامل تھے اس موقع پر حق پرست اقلیتی ارکان اسمبلی اے رشید خان، ہرگن داس کے علاوہ ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔سبودھ راج پیا کورل نے رابطہ کمیٹی کے ارکان گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ ساؤتھ ایشیاء کے اقلیتی مذاہب کے لوگوں کی حالت اور حقوق کے بارے میں سے آگاہی حاصل کرنے کیلئے پاکستان آئیں ہیں اور کراچی سے قبل لاہور اور اسلام آباد کا دورہ کر چکے ہیں۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی نے وفد کی نائن زیرو کراچی آمد پر انکا خیر مقدم کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفے اور ایم کیو ایم کی عملی جدوجہد سے آگاہی فراہم کی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جس میں تمام مذہبی اکائیوں کے حقوق کے حصول اور انہیں برابری کا درجہ دلانے کیلئے کوشاں ہے۔دریں اثناء رابطہ کمیٹی نے وفد کو شہداء یادگار اور ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کا بالمشافہ دورہ بھی کرایا اور انہیں ایم کیو ایم کے تنظیمی طریقہ کار سے آگاہی فراہم کی۔

## حق پرست عوامی نمائندوں نے سی آئی ڈی بلڈنگ خودکش حملے کے تیسرے روز متاثرین سے ملاقات کرکے ان میں امداد تقسیم کیں

کراچی۔۔۔15،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سی آئی ڈی بلڈنگ کراچی میں خودکش حملے سے متاثرہ خاندانوں کی بحالی اور طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے لگائے گئے رجسٹریشن اور مفت طبی امدادی کیمپس میں تیسرے روز بھی متاثرین کی بہت بڑی تعداد نے رجسٹریشن کرائی اور طبّی کیمپ میں طبّی سہولیات کی فراہمی سے استعفادہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق پی آئی ڈی سی پل کے نزدیک بم دھماکے کے متاثرین کیلئے لگائے گئے رجسٹریشن کیمپ میں تیسرے روز بھی مزید متاثرین نے اپنے کوائف جمع کرائے اور اس سلسلے میں بنائے گئے خصوصی فارم بھی پُر کئے جبکہ متاثرہ مکینوں کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے قائم کئے گئے مفت طبی کیمپ پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے عملے نے زخمی مریضوں کا چیک اپ کیا اور مرہم پٹی کی۔ رجسٹریشن کیمپ پر حق پرست ارکان اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت، مقیم عالم، طاہر قریشی اور خالد افتخار نے طبّی کیمپ اور متاثرہ علاقے کا دورہ کیا اور طبّی سہولیات کا جائزہ لیا۔ بعدازاں حق پرست نمائندوں نے علاقے کا دورہ کیا اور متاثرین سے ملاقات کرکے ان کے مسائل معلوم کیے اوران میں امدادی سامان تقسیم کیا۔اس موقع پر متاثرین نے رجسٹریشن اور مفت طبی سہولیات کی فراہمی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین ،خدمت خلق فاؤنڈیشن اور حق پرست قیادت سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر،صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## دعوت اسلامی کے رہنماء محمد سائل رضا عطاری کی سربراہی میں نمائندہ وفد کی ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی اور علمائے کمیٹی کے انچارج جاوید احمد سے ملاقات اور ایم کیوایم کے کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا۔

کراچی۔۔۔15 نومبر 2010ء

دعوت اسلامی کے رہنماء محمد سائل رضا عطاری کی سربراہی میں نمائندہ وفد نے پیر کے روز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی سے ملاقات کی اور تنظیمی امور سمیت عیدالضحیٰ کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد اور KTC کے اراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں دونوں جماعتوں کے رہنماؤں کے درمیان شہر میں قیام امن کے سلسلے میں ایک دوسرے کے ساتھ باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے ملکر کام کرنے اور رابطوں کو مزید بہتر بنانے پر اتفاق کیا گیا۔علاوہ ازیں وفد کے ارکان نے ایم کیوایم کے کنوینز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی شہادت پر تعزیت کی اور انکی مغفرت کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔ بعدازاں ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج ودیگر نے وفد کا نائن زیرو آمد پر انکا شکریہ ادا کیا۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔15 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 01 کے کارکن شاکر حسین کے والد صابر حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی سانگھڑ زون کے کارکن کشن کمار گجراتی کے بھائی کھیم چند کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا بھی اظہار کیا ہے۔

☆☆☆☆☆